
# ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ کالج دیپال پور

## چھٹیوں کا کام

### پہلی میعاد

### تعلیمی سیشن ۲۰۲۲ء تا ۲۰۲۱ء



**مضمون: اُردو**

**جماعت: ہفتم**

نام طالبعلم / طالبہ:------------------------------ والد کا نام:------------------------------

جماعت:------------------------------ سیکشن:------------------------------

کل نمبر:------------------------------ حاصل کردہ نمبر:------------------------------

کلاس انچارج کا نام / دستخط:------------------------------------------------------------

دستخط سیکشن ہیڈ:------------------------------ دستخط پرنسپل:------------------------------

# بلاک سلیبس سیشن ۲۰۲۲ء-۲۰۲۱ء

کتاب: اردو -۷ پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور جماعت ہفتم امتیازی گرامر و انشاپردازی

اردو (الف):

سبق نمبر ۱ تا ۱۳ "حمد تا کیے جاؤ کوشش میرے دوستو" فرہنگ والے الفاظ معانی۔

مرکزی خیال: حمد، پیارا وطن

خلاصے: نظم وضبط، آیئے پاکستان کی سیر کریں۔

اردو (ب) امتیازی اردو گرامر

☆ **قواعد و گرامر:**

کلمہ کی اقسام، اسم کی اقسام بلحاظ معانی و بناوٹ۔

☆ **واحد جمع:** صفحہ نمبر (۲۴ تا ۲۵) ☆ **مذکر مونث:** صفحہ نمبر (۳۲ تا ۳۳)

☆ **الفاظ مترادف:** صفحہ نمبر (۱۰۳) ☆ **الفاظ متضاد:** صفحہ نمبر (۱۰۱)

☆ **خطوط:** بڑے بھائی کے نام (تعلیمی کارکردگی سے آگاہی کے لیے)

دوست کے نام (چھٹیاں گزارنے کے لیے)

☆ **مضامین:** جھوٹ کی خرابیاں، ورزش کے فائدے۔

تاریخ: یکم۔ جولائی ۲۰۲۱ء

# حمد

دن: جمعرات

الفاظ معانی لکھیے اور یاد کیجیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ |
|---|---|---|---|
| ترانہ | | فلک | |
| چمن | | گلشن | |
| صحرا | | لبھانا | |
| ہراس | | پی | |

**مرکزی خیال:** نظم حمد میں شاعر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ میدان و صحرا، بل کھاتے دریا، پھولوں کی قطاریں، چمن میں بہاریں، دن کی روشنی، رات کی سیاہی، فلک کے ستارے، بدلتے موسم سہانے، کوئل کے ترانے سب کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

**مختصر سوالات کے جواب یاد کیجیے اور لکھیے۔**

☆حمد کسے کہتے ہیں؟ (جواب: جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جائے اُسے "حمد" کہتے ہیں۔)

---------------------------------------------------------------------------

☆اگر سارا سال ایک جیسا موسم رہتا تو کیا ہوتا؟

جواب: اگر سارا سال ایک جیسا موسم رہتا تو انسان کی طبیعت اُکتا جاتی۔ زندگی بے رنگ اور بے کیف ہو جاتی ہے۔

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

☆سورج کی روشنی سے ہمیں کیا فائدے پہنچتے ہیں؟ (جواب: سورج روشنی اور حرارت کا بہت بڑا ذریعہ ہے سورج کی روشنی سے رات کی تاریکی ختم ہوتی ہے انسانی و حیوانی وجود کو کام کاج کے لیے حرارت و توانائی ملتی ہے۔)

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

☆سیاہی کے پردے اُٹھانے سے کیا مراد ہے؟ (جواب:سیاہی کے پردے اُٹھانے سے مراد ہے کہ دن کے وقت سورج کی روشنی سے رات کی تاریکی ختم ہو جاتی ہے اس طرح رات کا تاریک چہرہ غائب ہو جاتا ہے اور ساری دُنیا روشن اور منور ہو جاتی ہے۔)

☆آسمان پر چمکتے ستارے آپ کو کیسے لگتے ہیں؟

جواب:رات کے وقت آسمان پر چمکتے ہوئے ستارے دل کو لبھاتے ہیں۔ نظر کو سکون پہنچاتے ہیں اور روح کو تازگی اور فرحت بخشتے ہیں۔

دستخط معلمہ:---------------------- دستخط:والدین:--------------------

تاریخ:۲۔جولائی۲۰۲۱ء دن:جمعہ

# نعت

الفاظ معانی لکھیے اور یاد کیجیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| بزمِ جہاں | دنیا کی محفل | | راز | بھید / چھپی ہوئی بات | |
| پیغامِ حق | اللہ تعالیٰ کا پیغام / سچا پیغام | | شر | برائی / فساد | |
| توحید | اللہ تعالیٰ کو ایک ماننا | | شعاعیں | کرنیں | |
| خالق | پیدا کرنے والا | | شمعِ ہدایت | راہ نمائی کی شمع | |
| غافل | سویا ہوا / غفلت میں پڑا ہوا | | نور | روشنی | |

مختصر سوالات کے جواب یاد کیجیے اور لکھیے۔

☆حمد اور نعت میں کیا فرق ہے؟

جواب:حمد:وہ نظم جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جاتی ہے۔ نعت:وہ نظم جس میں حضرت محمد ﷺ کی تعریف بیان کی جاتی ہے۔

☆عقبیٰ بہتر ہونے سے کیا مراد ہے؟ (جواب: عقبیٰ بہتر ہونے سے مراد ہے آخرت میں کامیابی حاصل کرنا۔)

-----------------------------------------------------------------

☆شمع ہدایت جلانے کا کیا مطلب ہے؟(جواب: شمعِ ہدایت جلانے کا مطلب ہے، وہ تعلیمات عام کرنا جن سے ہدایت اور رہنمائی حاصل ہو۔)

-----------------------------------------------------------------

☆"سیدھا راستہ" سے کیا مراد ہے؟ (جواب: "سیدھا راستہ" سے مراد ہے کامیابی و کامرانی کا راستہ۔)

-----------------------------------------------------------------

☆توحید کی شعاعیں پھیلنے کا کیا مطلب ہے؟ (جواب: توحید کی شعاعیں پھیلنے کا مطلب ہے توحید کی تعلیمات کا عام ہونا۔)

-----------------------------------------------------------------

☆مشرق اور مغرب کیسے جگمگا اُٹھے؟ (جواب: مشرق و مغرب توحید کے نور سے جگمگا اُٹھے۔ توحید کی نورانی کرنوں اور توحید کی برکات سے دنیا میں ہر طرف اُجالا ہو گیا اور کفر و شرک کا خاتمہ ہوا۔)

-----------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------

| الفاظ | جملے | جملے |
|---|---|---|
| پیغامِ حق | حضرت محمد ﷺ نے پیغامِ حق سنایا۔ | |
| عُقبیٰ | ہر ایک کو اپنی عُقبیٰ کی فکر کرنی چاہیے۔ | |
| شمعِ ہدایت | قرآن پاک مسلمانوں کے لیے شمعِ ہدایت ہے۔ | |
| غافل | غافل انسان کبھی کامیاب نہیں ہوتا۔ | |
| توحید | توحید کا نور اس وقت دنیا میں روشن ہے۔ | |

دستخط معلمہ:--------------------- دستخط: والدین:-------------------

تاریخ: ۳۔جولائی ۲۰۲۱ء دن: ہفتہ

## دیہاتی اور شہری زندگی کا فرق

الفاظ معانی لکھیے اور یاد کیجیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| استقبال | خیر مقدم کرنا/خوش آمدید کہنا | | دُوبھر | مشکل | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فراقِ انجمن | محفل سے جدائی | | دھان | چاول کی فصل | |
| باسی | رہنے والا باشندہ / رہائشی | | ڈھورڈنگر | مال مویشی | |
| تعطیلات | چھٹیاں | | آلودہ | گندہ | |
| تمدُن | مل جُل کر رہنے کا طریقہ | | مفید | فائدہ مند | |
| دَم نکلنا | سانس رُک جانا / مر جانا | | قابلِ رشک | قابلِ تعریف | |
| زرنگار | سونے کے نقش مراد بہت خوبصورت | | قوی | طاقت ور / مضبوط | |
| میسر | دست یاب / موجود | | مُرغن | گھی میں تلی ہوئی | |

**مختصر سوالات کے جواب یاد کیجیے اور لکھیے۔**

☆احمد اور اُس کے گھر والے گاؤں کیوں آئے؟

جواب: احمد کے ننھیال گاؤں میں رہتے تھے۔ احمد اور اُس کے گھر والے چھٹیوں میں اپنے ننھیال سے ملنے آئے۔

☆گاؤں کی فضا کیسی تھی؟ (جواب: گاؤں کی فضا ہری بھری تھی۔)

☆دیہات میں رہنے والی اکثر خواتین موٹی کیوں نہیں ہوتیں؟ (جواب: دیہاتی خواتین سارا دن کام میں مصروف رہتی ہیں۔ گھر کا کام کاج اپنے ہاتھوں سے کرتی ہیں۔ کھیتوں میں بھی چکر لگاتی ہیں۔ اس لیے اکثر خواتین موٹی نہیں ہوتیں۔)

☆اگر گھروں میں سورج کی روشنی نہ پہنچے تو اس سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

جواب: اگر گھروں میں سورج کی روشنی نہ پہنچے تو تاریک گھروں میں رہنے سے چہرے زرد اور مرجھا جاتے ہیں۔

☆بڑے شہروں میں آلودگی کا کیا سبب ہے؟

جواب: سڑکوں پر لمبی لمبی گاڑیوں کی قطاریں اور ان کا شور آلودگی کا سبب بنتا ہے۔ گاڑیوں سے نکلنے والا دھواں فضا کو آلودہ کر دیتا ہے۔

-------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------

☆موجودہ دیہات پُرانے دیہات سے کس طرح مختلف ہیں؟ (جواب: کچے مکانات کی جگہ لوگوں نے پکے مکانات بنا لیے ہیں۔ دیہاتوں میں سڑکوں کا جال بھی پھیلا دیا گیا ہے۔ بہت سے دیہات میں بجلی پہنچا دی گئی ہے۔ موبائل فون کا استعمال بھی عام ہے۔)

-------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------

☆لوگ دیہات سے شہروں کی طرف نقل مکانی کیوں کرتے ہیں؟ (دیہات میں کاروبار کے مواقع کم ہوتے ہیں۔ لوگ روزگار کی تلاش میں شہروں کا رُخ کرتے ہیں۔ دیہات میں تعلیم اور صحت کی سہولتوں کی کمی کی وجہ سے بھی اکثر لوگ دیہاتوں سے شہروں کی طرف آتے ہیں۔)

-------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------

☆اس نقل مکانی کو کیوں کر روکا جا سکتا ہے؟

جواب: حکومت اگر دیہات میں تعلیم اور صحت کی بہتر سہولتیں مہیا کر دے اور دیہات میں روزگار کی فراہمی کے لیے کارخانے لگا دیے جائیں تو اس نقل مکانی کو روکا جا سکتا ہے۔

-------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------

الفاظ جملے یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | جملے | جملے |
|---|---|---|
| ترس جانا | غریب لوگ اپنی خواہشات کی تکمیل کے لیے ترس جاتے ہیں۔ | |
| کام دھندا | ہر انسان اپنے کام دھندے میں مصروف ہوتا ہے | |
| نقل مکانی | لوگ دیہات سے شہروں کی طرف نقل مکانی کرتے ہیں۔ | |
| دُوبھر | مہنگائی نے جینا دُوبھر کر دیا ہے۔ | |
| ماحول | ہمارے گھر کا ماحول پُرسکون ہونا چاہیے۔ | |

تاریخ:۵۔جولائی۲۰۲۱ء

# نظم وضبط

دن:پیر

الفاظ معانی یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| انتشار | بکھر جانا / بے ترتیبی | | پاسداری | لحاظ کرنا | |
| مشکوک | جس کا یقین نہ ہو / جس پر شک ہو | | وقار | عزت / قدر | |
| تغیر و تبدُل | حالت کا تبدیل ہونا / تبدیلی | | عمل داری | حکومت کرنا | |
| حسنِ ترتیب | عمدہ ترتیب | | کارفرمائی | عمل کرنا | |
| دھکم پیل | ایک دوسرے کو دھکیلنا | | گامزن ہونا | چلنا | |
| حشرات الارض | چھوٹے چھوٹے کیڑے جو زمین پر رینگتے ہیں | | مفاد | فائدہ | |

**مختصر سوالات کے جواب یاد کیجیے اور لکھیے۔**

☆نظم وضبط کا کیا مفہوم ہے؟ (جواب:کسی کام کو قانون اور قاعدے کی پابندی کے تحت انجام دینا نظم وضبط کہلاتا ہے۔)

------------------------------------------------------------------------

☆نظم وضبط کی پابندی کرنے کے کیا فائدے ہیں؟

جواب:نظم وضبط کی پابندی کامیابی کی دلیل ہے۔ نظم وضبط کے بغیر زندگی میں کوئی کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی۔وہ لوگ جو نظم وضبط کے عادی ہوتے ہیں،کامیابی اُن کے قدم چومتی ہے۔

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

☆نظم وضبط کا خیال نہ رکھنے سے کیا نقصان ہ (جواب:نظم وضبط کا خیال نہ رکھنے سے زندگی بے سکونی اور انتشار کا نمونہ بن جاتی ہے۔)

------------------------------------------------------------------------

☆قطار بنانے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟

جواب:قطار بنانے سے بد نظمی،بے جا تکرار اور دھکم پیل سے بچا جا سکتا ہے اور کام سکون سے ہو جاتا ہے۔

------------------------------------------------------------------------

☆قانون کی عمل داری سے کیا مراد ہے؟

جواب: قانون کی عمل داری سے مراد ہے کہ قانون پر ہر حال میں عمل کیا جائے۔ قانون کی پاسداری کی جائے۔

---

---

☆ایک طالب علم بہتر منصوبہ بندی سے اپنے شب و روز کو کس طرح سنوار سکتا ہے؟

جواب: بہتر منصوبہ بندی سے طالب علم صبح جاگنے، نماز پڑھنے، ورزش کرنے، ناشتا کرنے، سکول جانے، واپس آنے، آرام کرنے کے اوقات مقرر کر کے اپنی زندگی سنوار سکتا ہے۔

---

---

---

☆ہمارا دین ہمیں کس طرح نظم و ضبط کی تعلیم دیتا ہے؟

جواب: ہمارا دین ہمیں نظم و ضبط کا درس دیتا ہے۔ مقررہ اوقات میں نماز پنجگانہ کی ادائیگی نظم و ضبط کی عمدہ مثال ہے۔ ایک امام کے پیچھے ایک ساتھ رکوع و سجود کرنا حُسنِ ترتیب کا اعلیٰ نمونہ پیش کرتا ہے۔ اِس طرح رمضان کے مہینے میں روزے رکھنا اور حج کے ایام میں لاکھوں مسلمانوں کا ایک ہی لباس میں مناسک ادا کرنا نظم و ضبط کی عمدہ مثال ہے۔

---

---

---

---

الفاظ جملے یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | جملے | جملے |
|---|---|---|
| نظم وضبط | ہمیں ہر کام نظم و ضبط سے کرنا چاہیے۔ | |
| نظامِ کائنات | نظامِ کائنات کو چلانے والا اللہ تعالیٰ ہے۔ | |
| کار فرمائی | ہمیں ہر کام میں نظم و ضبط کی کار فرمائی کرنی چاہیے۔ | |
| سُرخ رو | بیٹے نے اول پوزیشن حاصل کر کے ماں کو سُرخرو کیا۔ | |
| بحث و تکرار | بحث و تکرار سے کچھ حاصل نہیں عملی کام کرنا چاہیے۔ | |

**خلاصہ یاد کیجیے اور لکھیے۔**

نظم وضبط عربی زبان کے دو لفظوں " نظم " اور " ضبط " کا مجموعہ ہے۔ نظم کے معنی " لڑی میں پُرونا " اور " ترتیب دینا " ضبط کے معنی " رکاوٹ " کے ہیں۔ یعنی اپنے معاملات میں قانون اور قاعدے کی پابندی کرنے کا نام نظم وضبط ہے۔ نظم وضبط حُسن ترتیب کا دوسرا نام ہے جو لوگ نظم وضبط کی پابندی کرتے ہیں اُن کی زندگی اصول وضوابط کے مطابق گزرتی ہے۔ جو لوگ اِس کے برعکس زندگی گزارتے ہیں۔ اُن کی زندگی بے سلیقہ اور بے ترتیب ہوتی ہے۔

زندگی کے ہر شعبے میں نظم وضبط کی پابندی ضروری ہے۔ نظامِ کائنات میں بھی نظم وضبط موجود ہے۔ جیسے سورج کا طلوع و غروب ہونا، چاند کا بڑھنا گھٹنا اور موسموں کا تغیر و تبدل ہمیں نظم وضبط سکھاتا ہے۔

ہمارا دین بھی نظم وضبط کا درس دیتا ہے۔ نمازِ پنجگانہ ادا کرتے وقت ایک ساتھ رکوع و سجود کرنا حسنِ ترتیب کا اعلیٰ نمونہ ہے۔ اِسطرح رمضان کے مہینے میں روزے رکھنا اور حج کے ایام میں لاکھوں مسلمانوں کا ایک ہی لباس میں مناسک ادا کرنا نظم وضبط کی اہمیت کو اُجاگر کرتا ہے۔ نبی کریم ﷺ نظم وضبط کو بہت اہمیت دیتے تھے۔

آپ ﷺ نے فرمایا۔ " صفیں سیدھی کرو، صفیں ٹیڑھی مت بناؤ ورنہ اللہ تعالیٰ تمھارے دلوں کو ٹیڑھا کر دے گا۔ "

جو طالب علم اپنے روزمرہ کے کام مقررہِ اوقات میں کرے گا تو اُسے امتحان میں کوئی پریشانی نہیں ہوگی۔ اِسکے برعکس اپنے ہر کام میں کاہلی دکھانے والا طالبعلم امتحان میں سخت پریشان ہوتا ہے۔ قطار بنانے سے بد نظمی، بے جا تکرار اور دھکم پیل سے بچا جاسکتا ہے اور کام سکون سے ہو جاتا ہے۔

بڑے لوگوں کی کامیابیوں کا راز بھی نظم وضبط ہے۔ ہمارے عظیم قائد محمد علی جناح کی زندگی نظم وضبط کی بہترین مثال ہے۔ آپ نے اتحاد اور ایمان کے ساتھ نظم وضبط پر زور دیا ہے۔ اپنے وطن پاکستان کو ترقی کے راستے پر گامزن کرنے کے لیے ہمیں قانون کی پاسداری کرنے کے ساتھ ساتھ ہر مرحلے پر نظم وضبط کا ثبوت دینا ہوگا۔

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

دستخط معلمہ: --------------------- دستخط: والدین: ---------------------

تاریخ: ۶۔جولائی ۲۰۲۱ء دن: منگل

## پیارا وطن

الفاظ معانی یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| سُندر | خوبصورت / حسین | | جنت کا حصہ | جنت کا ٹکڑا | |
| سہانا | اچھا لگنے والا | | نظارہ | منظر | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فسانہ | ایسی بات جس میں حقیقت نہ ہو | | گیت | نغمہ / گانا | |
| لہکنا | لہرانا | | رنگ لانا | خوبصورت لگنا | |

مرکزی خیال یاد کیجیے اور لکھیے۔

شاعر کہتا ہے کہ پاک وطن پاکستان بہت ہی پیارا، خوبصورت، سُندر اور حسین ہے۔اِس میں لہکتے ہوئے جنگل، مہکتے ہوئے باغ، باغوں میں بہاریں، بہاروں میں رنگ، رنگوں میں خوشبو، خوشبو میں خوشی اور خوشی میں گیت ہیں۔

---

---

---

---

سوالات یاد کیجیے اور لکھیے۔

☆جان سے پیارا ہونے کا کیا مطلب ہے؟

جواب: جان سے پیارا ہونے کا مطلب ہے خود سے بڑھ کر عزیز ہونا۔ اپنی ذات اور اپنے وجود سے بڑھ کر پیارا لگنا۔

---

---

☆شاعر نے جنت کا ٹکڑا کسے کہا ہے؟ (جواب: شاعر نے اپنے پاک وطن "پاکستان" کو جنت کا ٹکڑا کہا ہے۔)

---

☆ہمارے وطن کے جنگل اور باغات کیسے ہیں؟ (جواب: ہمارے وطن کے جنگل اونچے اور سرسبز ہیں۔ جن میں موجود درخت لہکتے ہیں۔ ہمارے وطن کے باغ خوبصورت پھولوں، رنگوں اور خوشبوؤں سے مہکتے ہیں۔)

---

---

---

☆ گھٹاؤں کے رنگ لانے کے کیا معنی ہیں؟

جواب: گھٹاؤں کے رنگ لانے کا مطلب ہے کہ سخت گرمی میں جب کالی گھٹائیں آسمان پر چھا جاتی ہیں۔ تو بارش برستی ہے۔ جس سے ہر طرف خوشی کا سماں ہوتا ہے۔ چاروں طرف ہریالی اور سبزہ چھا جاتا ہے۔

----------------------------------------------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------------------------------------------

دستخط معلمہ:---------------------- دستخط:والدین:---------------------

تاریخ:۷۔جولائی ۲۰۲۱ء

## ناممکن سے ممکن کا سفر

دن:بدھ

الفاظ معانی لکھیے اور یاد کیجیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| اُڑانیں بھرنا | پرواز کرنا | | اہلِ دنیا | دنیاوالے | |
| پرنٹنگ پریس | چھاپاخانہ | | تعلیم یافتہ | پڑھالکھا | |
| شرمندۂ تعبیر ہونا | عملی شکل پانا | | تجسس | تلاش / جستجو | |
| شہرت کو پر لگنا | بہت جلدی مشہور ہونا | | تقویت | طاقت | |
| کھوج لگانا | پتا چلانا/ڈھونڈنا | | رجحان | توجہ / رغبت | |
| ناقابلِ یقین | جس پر یقین نہ کیا جاسکے | | مساوی | برابر | |
| ائر میوزیم | جہاں فضائیہ سے متعلق چیزیں رکھی گئی ہوں | | | | |

**مختصر سوالات کے جواب یاد کیجیے اور لکھیے۔**

☆پرندوں کو فضا میں اُڑتے دیکھ کر انسان کے دل میں کیا خواہش پیدا ہوتی تھی؟

جواب:انسان کے جی میں خواہش پیدا ہوتی کہ کاش میرے بھی پَر ہوتے اور میں بھی فضاؤں میں اُڑتا پھرتا۔

----------------------------------------------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------------------------------------------

☆رائٹ برادران کہاں کے رہنے والے تھے؟ (جواب:رائٹ برادران امریکہ کے رہنے والے تھے۔)

----------------------------------------------------------------------------------------------------

☆رائٹ برادران کے گھر کا ماحول کیسا تھا؟

جواب: رائٹ برادران کے گھر کا ماحول بہت اچھا تھا۔ گھر میں پڑھنے کا رجحان غالب تھا۔ دو لائبریریوں میں کتابوں کا ذخیرہ موجود تھا۔ جن کے مطالعے سے رائٹ برادران میں پرواز کے بارے میں تجسس اُبھرا۔

---

---

---

☆ بچپن کے ماحول نے رائٹ برادران پر کیسا اثر ڈالا؟

جواب: بچپن کے ماحول میں رائٹ برادران کی حوصلہ افزائی ہوئی، کہ جو چیز ان میں تجسس ابھارے، وہ اسکے بارے میں کھوج لگائیں۔

---

---

☆ رائٹ برادران کے اس کارنامے سے آپ نے کیا سبق حاصل کیا ہے؟

جواب: رائٹ برادران کے اس کارنامے سے یہ سبق ملتا ہے کہ تجسس، جستجو، محنت اور تجربات سے ہر ناممکن کو ممکن میں بدلا جا سکتا ہے۔

---

---

☆ رائٹ برادران کی والدہ کیسی خاتون تھیں؟

جواب: اُن کی والدہ کالج کی تعلیم یافتہ خاتون تھیں۔ وہ ریاضی اور سائنس کی ماہر تھیں۔

---

☆ رائٹ برادران کا بنایا گیا کھلونا ہیلی کاپٹر کیوں نہ اُڑ سکا؟

جواب: اس کھلونے ہیلی کاپٹر کا وزن زیادہ ہو گیا تھا اس لیے اسکا اُڑ ممکن نہ تھا۔

---

الفاظ جملے یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | جملے | جملے |
|---|---|---|
| ہاتھ دھو بیٹھنا | کار کے حادثے میں ڈرائیور جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ | |
| پر لگ جانا | دیکھتے ہی دیکھتے رائٹ برادران کی شہرت کو پر لگ گئے۔ | |

| | | |
|---|---|---|
| حیرت میں ڈالنا | موجودہ دور کی سائنسی ترقی نے انسان کو حیرت میں ڈال دیا ہے۔ | |
| شرمندۂ تعبیر ہونا | میرا ڈاکٹر بننے کا خواب ضرور شرمندۂ تعبیر ہو گا۔ | |
| سروکار | مجھے غلط لوگوں سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ | |
| برق رفتار | برقی ٹرین برق رفتاری سے چلتی ہے۔ | |

دستخط معلمہ:--------------------- دستخط:والدین:--------------------

تاریخ:۸۔جولائی ۲۰۲۱ء

## آیئے پاکستان کی سیر کریں

دن:جمعرات

الفاظ معانی یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| آثار قدیمہ | پرانے نشانات / پرانی عمارتیں | | جفاکشی | سخت محنت | |
| حلقہ بگوش | اطاعت کرنے والا / فرماں بردار | | حسن وجمال | خوبصورت | |
| دل کش | دل کو کھینچنے والا خوبصورت | | فراوانی | کثرت | |
| سیاح | جگہ جگہ سیر کرنے والے | | فطری | قدرتی | |
| درہ | دو پہاڑوں کے درمیان تنگ راستہ | | ملیامیٹ | تباہ وبرباد | |
| فلک بوس | آسمان کو چُومنے والا مراد بہت اُونچا | | مانچسٹر | انگلستان کا شہر | |

مختصر سوالات کے جواب یاد کیجیے اور لکھیے۔

☆سونا اُگلتی زمین سے کیا مراد ہے؟ (جواب:اس سے مراد ہے کہ زمین سے سونے جیسی قیمتی اجناس کی پیداوار حاصل ہوتی ہے۔)

-----------------------------------------------------------------------

☆پاکستان کا کون سا صوبہ رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا ہے؟ (جواب:صوبہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا ہے۔)

-----------------------------------------------------------------------

☆سُوئی گیس کو یہ نام کیوں دیا گیا ہے؟

جواب:یہ گیس بلوچستان کے مقام "سُوئی" سے دریافت ہوئی۔اس لیے اسے سُوئی گیس کہتے ہیں۔

-----------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------

☆پاکستان میں بندرگاہیں کہاں کہاں واقع ہیں؟

جواب: پاکستان میں کراچی کے ساحلِ سمندر پر بندر گاہ واقع ہے۔ اسکے علاوہ بلوچستان میں حال ہی میں گوادر کے مقام پر بندر گاہ تعمیر کی گئی ہے۔

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

☆پنجاب کن دو لفظوں کا مرکب ہے؟

جواب: پنجاب دو لفظوں "پنج" اور "آب" سے مل کر بنا ہے، پنج کے معنی ہیں پانچ اور آب کے معنی پانی کے ہیں۔

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

☆چھانگا مانگا کے جنگل کی کیا انفرادیت ہے؟ (جواب: یہ دنیا کا سب سے بڑا جنگل ہے، جسے خود اُگایا گیا ہے۔ اسکا رقبہ ۱۲۵۱۰ ایکڑ ہے۔)

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

☆کھیوڑہ کی شہرت کس وجہ سے ہے؟ (جواب: کھیوڑہ کے مقام پر دنیا کی دوسری بڑی نمک کی کان ہے۔)

--------------------------------------------------------------------------------

☆سندھو کس زبان کا لفظ ہے اور اِسکے کیا معنی ہیں؟ (جواب: سندھو سنسکرت زبان کا لفظ ہے اور اِسکے معنی ہیں "دریا"۔)

--------------------------------------------------------------------------------

☆ جھیل سیف الملوک کس صوبے میں واقع ہے؟ (جواب: جھیل سیف الملوک صوبہ خیبر پختونخواہ میں واقع ہے۔)

--------------------------------------------------------------------------------

☆ہڑپہ اور موئن جوڈارو کن صوبوں میں ہیں؟ (جواب: ہڑپہ صوبہ پنجاب میں اور موئن جوڈارو صوبہ سندھ میں ہے۔)

--------------------------------------------------------------------------------

☆ جھیل منچھر اور جھیل سیف الملوک کن صوبوں میں ہیں؟

جواب: جھیل منچھر صوبہ سندھ اور جھیل سیف الملوک صوبہ خیبر پختونخواہ میں ہے۔

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

**الفاظ جملے یاد کیجیے اور لکھیے۔**

| الفاظ | جملے | جملے |
| --- | --- | --- |
| **مالامال** | پاکستان معدنی دولت سے مالامال ہے۔ | |
| **فلک بوس** | ہمارے ملک میں فلک بوس پہاڑی چوٹیاں ہیں۔ | |
| **چار چاند لگانا** | علی کی شاعری نے محفل میں چار چاند لگا دیے۔ | |
| **حلقہ بگوشِ اسلام** | یورپ میں بہت سے لوگ حلقہ بگوشِ اسلام ہو رہے ہیں۔ | |
| **گنجان آباد** | کراچی ایک گنجان آباد شہر ہے۔ | |
| **ملیامیٹ** | زلزلے سے سارا شہر ملیامیٹ ہو گیا۔ | |
| **حسنِ سلوک** | ہر ایک کے ساتھ حُسنِ سلوک سے پیش آنا چاہیے۔ | |

**خلاصہ یاد کیجیے اور لکھیے۔**

ہمارا وطن ۱۴ اگست ۱۹۴۷ کو دنیا کے نقشے پر اُبھرا۔ ہمارا وطن پاکستان قدرتی وسائل سے مالامال ہے۔ پاکستان کے تمام صوبوں میں رہنے والے دارالحکومت کوئٹہ اور آبادی قریبًا اپنے وطن سے دل وجاں سے پیار کرتے ہیں۔ **بلوچستان:** رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، ستر لاکھ ہے۔ بلوچی، براہوی اور پشتو زبانیں بولی جاتی ہیں۔ یہاں بنجر پہاڑ ہیں، سردیوں میں سخت سردی اور گرمی میں سخت گرمی پڑتی ہے۔ سوئی کے مقام سے قدرتی گیس نکلتی ہے۔ قائداعظم کے آخری ایام یہاں بسر ہوئے۔ لباس میں پگڑی، لمبا کُرتا اور گھیر دار شلواریں پہنی جاتی ہیں۔ **پنجاب:** پنجاب دو لفظوں "پنج" اور "آب" سے مل کر بنا ہے، پنج کے معنی ہیں پانچ اور آب کے معنی پانی کے ہیں۔ گویا پنجاب پانچ دریاؤں کی سر زمین ہے دارالحکومت لاہور ہے جسے پاکستان کا دل کہتے ہیں۔ پنجاب میں زمین کی زرخیزی اور بہترین نہری نظام کی وجہ سے گندم، کپاس، گنا اور چاول کی خوب پیداوار ہوتی ہے۔ چھانگا مانگا دنیا کا سب سے بڑا جنگل ہے، جسے خود اُگایا گیا ہے۔ اسکا رقبہ ۱۲۵۱۰ ایکڑ ہے۔ نمک کی دوسری کان اور ہڑپہ کے آثارِ قدیمہ بھی پائے جاتے ہیں۔ **سندھ:** سندھ سنسکرت زبان کے لفظ "سندھو" سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں "دریا"۔ دارالحکومت کراچی ہے۔ ۷۱۲ء میں محمد بن قاسم نے راجا داہر کو شکست دے کر اِسے فتح کیا۔ سندھ کی آبادی کا ساڑھے سات فیصد، ہندو آبادی پر مشتمل ہے۔ زیادہ تر رقبہ بنجر اور غیر آباد ہے پاکستان میں کراچی کے ساحل سمندر پر بندرگاہ واقع ہے آبادی ساڑھے تین کروڑ ہے۔ زبان سندھی اور لباس میں سندھی ٹوپی اور اجرک مشہور ہے۔ **خیبر پختونخواہ:** خیبر پختونخواہ کا پرانا نام شمال مغربی سرحدی صوبہ تھا۔ اِسکا تہذیب قدیم ہے۔ دارالحکومت پشاور ہے، زبان پشتو ہے۔ درہ خیبر، سوات اور کاغان کی وادیاں، جھیل سیف الملوک مشہور مقامات ہیں۔ سوات کی وادی حسین و جمیل ہے، اسے پاکستان کا سوئٹزرلینڈ کہتے ہیں۔ اِس کے لوگ اپنی مہمان نوازی اور جفاکشی کی وجہ سے شہرت رکھتے ہیں۔ گندم، مکئی اور تمباکو کے علاوہ پھل پیداوار کے لیے مشہور ہیں۔

-------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------

دستخط معلمہ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دستخط:والدین:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تاریخ:۹۔جولائی۲۰۲۱ء

## بڑھے چلو

دن:جمعہ

الفاظ معانی یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| ملول | غمگین / پریشان | | جھجک | ہچکچاہٹ | |
| ڈگمگانا | حوصلہ پست ہونا | | لَولگانا | توجہ کرنا | |
| مضطرب | بے چین / بے قرار | | ولولہ | جوش | |

مختصر سوالات کے جواب یاد کیجیے اور لکھیے۔

☆سحر سے پہلے چلنے سے کیا مراد ہے؟ (جواب: سحر سے پہلے چلنے سے مراد ہے کہ آنے والے وقت کا انتظار نہ کرو۔ نہ ہی مشکلات اور مسائل سے گھبراہٹ کا شکار ہو۔ بلکہ اپنے کام کا فوراً آغاز کرو۔)

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

☆راہ کے کڑی ہونے کا کیا مطلب ہے؟ (جواب: راہ کے کڑی ہونے سے مراد ہے راستے کی مشکلات اور مصائب، یعنی کسی بھی مقصد کے حصول کے لیے پیش آنے والی مشکلات یا رکاوٹیں۔)

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

☆اگر انسان کوئی کام شروع کرنے سے پہلے ہچکچاتا رہے تو اسکا نتیجہ کیا نکلتا ہے؟ (جواب: اگر انسان کوئی کام شروع کرنے سے پہلے ہچکچاتا رہے تو اسکا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اُس کے اندر اعتماد کی کمی ہو جاتی ہے۔ اور وہ صحیح طریقے سے کام نہیں کر پاتا۔)

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

☆کام کرتے وقت کن باتوں کی طرف توجہ دینی چاہیے؟

جواب: کام کرتے وقت درج ذیل باتوں کی طرف توجہ دینی چاہیے۔

ا۔ کام کا آغاز کرتے وقت ہچکچانا نہیں چاہیے۔ ۲۔ خود اعتمادی کے ساتھ کام کرنا چاہیے۔ ۳۔ اگر کوئی رکاوٹ ہو تو اللہ سے مدد مانگنی چاہیے۔

۴۔ کسی خوف اور خطرے کے بغیر کام کی تکمیل کرنی چاہیے۔ ۵۔ ہمت، حوصلے اور لگن سے ہر کام کرنا چاہیے۔

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

☆اس نظم کے ذریعے شاعر ہمیں کیا پیغام دے رہا ہے؟

جواب: اس نظم کے ذریعے شاعر ہمیں پیغام دیتا ہے۔ کہ ترقی یافتہ ملکوں کی صف میں ابھی ہم بہت پیچھے ہیں۔ اس لیے ہمیں ترقی، کامیابی اور خوشحالی کے حصول کے لیے سخت محنت کرنی چاہیے۔

---

---

الفاظ جملے یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | جملے | جملے |
|---|---|---|
| کمر کسنا | احمد نے اپنے کام کی تکمیل کے لیے کمر کس لی۔ | |
| قدم بڑھانا | ہمیں ترقی و خوشحالی کی طرف قدم بڑھانا چاہیے۔ | |
| لَو لگانا | اللہ تعالٰی سے لُو لگانی چاہیے۔ | |
| مَلُول | کسی بھی حالت میں ملول و مضطرب نہیں ہونا چاہیے۔ | |
| سانس لینا | مسافر درخت کے نیچے سانس لینے کو رُک گئے۔ | |

دستخط معلمہ:------------------------ دستخط:والدین:------------------------

تاریخ:۱۰۔جولائی ۲۰۲۱ء دن:ہفتہ

## کسان کی دانائی

الفاظ معانی یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| آگ بگولا ہونا | سخت غصے میں آنا | | زِیرک | ذہین / دانا | |
| حرف بحرف | پورا / مکمل / ہو بہو | | وعدہ شکنی | وعدہ توڑنا | |
| متاثر | اثر قبول کرنے والا | | پیادہ | سپاہی | |
| زین کسنا | گھوڑے پر کاٹھی ڈالنا | | پالنا پوسنا | پرورش کرنا | |
| سراپا | سر سے پاؤں تک، مکمل | | خاکسار | عاجز | |
| قرض | ادھار لی گئی رقم | | رُوبرُو | آمنے سامنے | |
| مہلت | ڈھیل / سہولت دینا | | ہوشیار | چالاک | |
| مشیر | مشورہ دینے والا | | طیش | بہت زیادہ غصہ | |
| عالی جاہ | بلند مرتبے والا | | گرج دار آواز | اونچی آواز | |
| سراہا | پسند کیا / تعریف کی | | رعایا | عوام | |
| اَش اَش کر اُٹھنا | واہ واہ کرنا / تعریف بیان کرنا | | | | |

مختصر سوالات کے جواب یاد کیجیے اور لکھیے۔

☆لوک کہانی سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایسی پرانی کہانی جو سینہ بہ سینہ ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل ہوتی ہے اُسے لوک کہانی کہتے ہیں۔

-----------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------

☆بادشاہ نے کسان سے کیا سوال کیا؟ (جواب: کہ تم اس کھیت سے کتنا کما لیتے ہو؟)

-----------------------------------------------------------------------

☆چار آنے کنویں میں ڈالنے کا کیا مطلب ہے؟ (جواب: چار آنے کنویں میں ڈالنے کا مطلب ہے اللہ کی راہ میں اپنا مال خرچ کرنا۔)

-----------------------------------------------------------------------

☆والدین کا قرض اُتارنے سے کیا مراد ہے؟

جواب: والدین کا قرض اُتارنے سے مراد ہے کہ پالنے پوسنے پر والدین جو خرچ کرتے ہیں۔ اس کے بدلے میں ان کو کچھ دیا جائے۔

-----------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------

☆بادشاہ کو کسان پر غصہ آنے کا کیا سبب تھا؟ (جواب: بادشاہ کو کسان پر غصہ آنے کا سبب کسان کی بادشاہ کے ساتھ وعدہ خلافی تھی۔)

-----------------------------------------------------------------------

☆اس لوک کہانی سے ہمیں کیا اخلاقی پیغام ملتا ہے؟

جواب: اس لوک کہانی سے ہمیں سبق ملتا ہے کہ ہمیں اپنے والدین کی خدمت کرنی چاہیے۔ اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں مال خرچ کرنا چاہیے۔

-----------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------

الفاظ جملے یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | جملے | جملے |
|---|---|---|
| زِیرک | قائد اعظم ایک زیرک انسان تھے۔ | |
| زِین کسنا | وزیر نے گھوڑے کی زِین کسی اور کسان کے پاس جا پہنچا۔ | |

| | | |
|---|---|---|
| دم لینا | گرمیوں کے دنوں میں کچھ وقت کے لیے دم لینا چاہیے۔ | |
| زبان دینا | مسلمان زبان دے کر اُس کا انکار نہیں کرتا۔ | |
| آگ بگُولا ہونا | بچے کا جھوٹ سن کر اُستاد آگ بگُولا ہو گیا۔ | |
| طیش میں آجانا | غلط بات سن کر ہر کوئی طیش میں آجاتا ہے۔ | |
| اَش اَش کرنا | کسان کی عقلمندی پر سارے درباری اَش اَش کر اُٹھے۔ | |
| سراہنا | تمام درباریوں نے بادشاہ کے فیصلے کو سراہا۔ | |

دستخط معلمہ:------------------- دستخط:والدین:-----------------

تاریخ:۱۲۔جولائی ۲۰۲۱ء دن:پیر

## مسدّس حالی سے انتخاب

الفاظ معانی یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| چار سو | چاروں طرف | | دمک | چمک | |
| دُھوم | شہرت / مشہوری | | بطحا | مکہ کی وادی | |
| کڑک | گونج دار اواز | | خدا کی کھیتی | اللہ کی سرزمین | |
| کفر | اللہ کی وحدانیت سے انکار کرنا | | توحیدِ مطلق | خالص توحید | |
| کھلبلی | گھبراہٹ / بے چینی / ہلچل | | ناؤ | کشتی | |
| بدوں میں | برے لوگوں میں | | آوازِ حق | حق کی آواز | |
| غلغلہ | شور و غل، مراد چرچا | | مثل | مانند | |
| بول بالا ہونا | چرچا ہونا / شہرت ہونا | | حکمت | دانائی | |
| خاک اڑنا | ختم ہو جانا | | پروانہ | پتنگا | |
| بے مثل | جس کی کوئی مثال نہ ہو | | گمشدہ | گم ہوئی چیز | |
| سیاحت | سیر و تفریح کرنا | | پیمبر | نبی / پیغمبر | |
| تجارت | چیزیں خریدنا اور بیچنا | | مے کدہ | شراب خانہ | |
| جُویا ہوئے | متلاشی | | اُمی | ان پڑھ | |
| سب سے بالا | سب سے بلند | | اجالا | روشنی | |
| فلاحت | زراعت / کاشتکاری | | آتش | آگ | |
| مُصفا | صاف ستھری | | سرِرہ | راستے پر | |
| سرائیں | مسافرخانے | | چربے اُتارنا | نقل کرنا | |

مختصر سوالات کے جواب یاد کیجیے اور لکھیے۔

☆بطحا کے پہاڑوں سے گھٹا اُٹھنے سے کیا مراد ہے؟ (جواب: بطحا کے پہاڑوں سے اُٹھنے والی گھٹا سے مراد دین اسلام ہے۔)

---

☆ٹیگس اور گنگا کہاں ہیں؟ (جواب: ٹیگس، ہسپانیہ کا سب سے بڑا دریا ہے اور گنگا، ہندوستان کا ایک دریا ہے۔)

---

☆آبی اور خاکی سے کیا مراد ہے؟ (جواب: آبی سے مراد پانی میں رہنے والی مخلوق ہے جبکہ خاکی سے مراد خشکی پر رہنے والی مخلوق ہے۔)

---

☆اُمیوں سے کون لوگ مراد ہیں؟

جواب: اُمیوں سے مراد عرب کے کے وہ مسلمان ہیں، جنہوں نے باقاعدہ کسی تعلیمی ادارے سے تعلیم حاصل نہیں کی تھی۔

---

---

☆عرب اور عجم سے کون سے مَمالِک مراد ہیں؟ (جواب: عرب ممالک سے مراد وہ ممالک ہیں جہاں کی زیادہ تر آبادی عربی بولتی ہے، جبکہ وہ ممالک جہاں کے لوگوں کی اکثریت عربی کے بجائے کوئی اور زبان بولتی ہے عجم کہلاتے ہیں۔)

---

---

☆ڈُوبتی ناؤ کو سنبھالا دینے کا کیا مطلب ہے؟

جواب: ڈُوبتی ناؤ کو سنبھالا دینے کا مطلب ہے معاشرے کے پسے ہوئے مظلوم طبقے کی حمایت کرنا۔

---

☆توحیدِ مُطلق سے کیا مراد ہے؟ (جواب: توحیدِ مُطلق سے مراد صرف اور صرف ایک خدا کی عبادت کرنا ہے۔)

---

☆بدوں میں نیکیوں کا غُلغُلہ ہوا۔ اِسکی وضاحت کریں؟

جواب: بدوں میں نیکیوں کا غُلغُلہ سے مراد ہے کہ بُرے لوگوں نے نیکی کو اختیار کیا اور نیکیوں کا پرچار کیا۔

---

☆آتش کدوں میں جلنے والی آگ افسردہ ہو گئی۔ اسکا کیا مطلب ہے؟

جواب: اسکا مطلب ہے کہ آگ کی پوجا کرنے کے تصور کا خاتمہ ہوا اور ایک خدا کی عبادت ہونے لگی۔

---

☆خاک اُڑنا محاورہ ہے۔ اسکا مطلب بتائیں۔ (جواب: "خاک اُڑنا" کا مطلب ہے بالکل ختم ہو جانا۔ نام ونشان مٹ جانا۔)

---

☆ہمارے آباؤاجداد کی کن باتوں کی دوسری قوموں نے تقلید کی؟

جواب: زندگی کے ہر شعبے میں دوسری اقوام نے ہمارے آباؤاجداد کی تقلید کی ہے۔

---

☆اس انتخاب میں ایک حدیثِ نبوی ﷺ بیان ہوئی ہے۔ اسے نثر کی صورت میں لکھیں۔

جواب: "حکمت مومن کا گمشدہ مال ہے، اسے جہاں پاؤ لے لو۔"

---

الفاظ جملے یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | جملے | جملے |
|---|---|---|
| بول بالا | اسلام کا عرب وعجم میں بول بالا ہوا۔ | |
| آتش کدہ | اسلام کی برکات سے دنیا کے آتش کدے ٹھنڈے ہو گئے۔ | |
| کھلبلی | توحید کا نور چمکا تو کفر میں کھلبلی مچ گئی۔ | |
| خاک اُڑنا | اسلام کی آمد پر تمام معبدوں میں خاک اُڑنے لگی۔ | |
| حکمت | حکمت مومن کا گمشدہ مال ہے۔ | |
| گمشُدہ | پولیس گمشدہ افراد کو تلاش کرتی ہے۔ | |
| یکتا | اللہ تعالیٰ کی ذات واحد و یکتا ہے۔ | |

دستخط معلمہ:--------------------- دستخط: والدین:---------------------

تاریخ:۱۳۰۔جولائی۲۰۲۱ء

# میری آواز سنو

دن:منگل

الفاظ معانی یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| سیارہ | گردش کرنے والا ستارہ | | شادابی | تازگی | |
| ایجاد | نئی بات پیدا کرنا | | کثافت | گندگی | |
| حلیہ | ظاہری وضع قطع | | نایاب | قیمتی | |
| بہرا | جسے سنائی نہ دے | | برق رفتار | بہت تیز | |
| بے تحاشا | بہت زیادہ | | دامن | جھولی | |
| روا رکھنا | درست خیال کرنا | | زہر آلودہ | زہر ملا ہوا | |
| کان پر جوں نہ رینگنا | بالکل اثر نہ ہونا | | دوبھر | دشوار | |
| بے احساس | احساس سے خالی | | تباہی | بربادی | |
| مجال | طاقت/ہمت/حوصلہ | | زحمت | دکھ/تکلیف | |
| دھرتی ماتا | ماں جیسی دھرتی | | چھڑکاؤ | چھڑکنا | |
| سنگ دل | ظالم/پتھر دل | | مُضر | نقصان دہ | |
| تدبیریں | منصوبے/طریقے/چال | | غارت | تباہ/برباد | |
| غرض وغایت | مقصد | | عار | شرم | |

مختصر سوالات کے جواب یاد کیجیے اور لکھیے۔

☆آپ بیتی سے کیا مراد ہے؟ (جواب:اپنی کہانی آپ بیان کرنے کو آپ بیتی کہتے ہیں۔)

----------------------------------------------------------------------------------------

☆زمین کو انسان سے کیا شکایتیں ہیں؟

جواب:۱۔انسان نے درخت کاٹ کر زمین کا حلیہ بگاڑ دیا ہے۔۲۔کیمیائی کھادوں کے استعمال نے زمین کا حُسن خراب کر دیا ہے۔۳۔ادویات کے چھڑکاؤ کے مضر اثرات نے زمینی فضاؤں کو آلودہ کر دیا ہے۔

----------------------------------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------------------------------

☆دُھوئیں سے کیا نقصان پہنچتا ہے؟

جواب: گاڑیوں کے دُھوئیں کی کثافت سے فضائی آلودگی میں اضافہ ہو رہا ہے۔

---

☆زمین انسان کو بے حس اور ظالم کیوں کہتی ہے؟ (جواب: زمین انسان کو بے حس اور ظالم اس لیے کہتی ہے۔ کیونکہ وہ اپنے مفاد کے لیے زمینی خوبصورتی کو خراب کر رہا ہے۔)

---

---

☆درخت کاٹنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

جواب: درخت کاٹنے سے ماحول سے ہریالی اور شادابی ختم ہوتی ہے اور آکسیجن کا خاتمہ ہوتا ہے۔

---

☆پودے لگانے سے زمین پر کیا تبدیلی آسکتی ہے؟ (جواب: پودے لگانے سے زمین کا ماحول سر سبز وشاداب ہوتا ہے۔ وافر مقدار میں آکسیجن پیدا ہوتی ہے، ہوا صاف ستھری ہوتی ہے۔)

---

---

☆آبی مخلوق سے کونسی مخلوق مراد ہے؟ (جواب: آبی مخلوق سے مراد پانی میں رہنے والی مخلوق ہے مثلاً مچھلیاں، مگرمچھ وغیرہ۔)

---

☆زہریلے پانی کے آبی مخلوق پر کیا اثرات پڑتے ہیں؟ (جواب: زہریلے پانی سے آبی مخلوق ہلاکت کا شکار ہوتی ہے۔)

---

☆یومِ ارض کیوں منایا جاتا ہے؟ (جواب: یومِ ارض منانے کی غرض وغایت انسان کو اُن خطرات سے آگاہ کرنا ہے۔ جن سے زمین کا قدرتی ماحول بگڑتا جا رہا ہے۔)

---

---

☆قُدرتی ماحول کو بچانے کے لیے آپ کیا کر سکتے ہیں؟

جواب: قُدرتی ماحول کو بچانے کے لیے ضروری ہے، کہ زیادہ سے زیادہ درخت لگائے جائیں۔ موٹر سائیکل کی جگہ سائیکل کا استعمال کیا جائے۔ پلاسٹک کے تھیلوں پر پابندی لگائی جائے۔ کارخانے دار ایسی تدابیر اختیار کریں جن سے قدرتی ماحول کم سے کم متاثر ہو۔

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

☆ درختوں کے کیا فائدے ہیں؟ (جواب: درختوں سے وافر مقدار میں آکسیجن پیدا ہوتی ہے۔ ہوا صاف ستھری ہوتی ہے۔ فضا میں گردو غبار اور دھوئیں کا خاتمہ ہوتا ہے۔)

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

الفاظ جملے یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | جملے | جملے |
|---|---|---|
| کان پر جوں نہ رینگنا | اُستاد نے بچے کو بہت ڈانٹا مگر ان کے کان پر جوں نہ رینگی۔ | |
| موت کے منھ میں جانا | ایٹم بم کی تباہی کے بعد بہت سے لوگ موت کے منھ میں چلے گئے | |
| کانوں کے پردے پھٹ جانا | شور کی وجہ سے کانوں کے پردے پھٹ جاتے ہیں۔ | |
| پروان چڑھانا | والدین بڑی محنت اور مشقت سے اپنے بچوں کو پروان چڑھاتے ہیں۔ | |
| زیر آب | زیرِ آب رہنے والی مخلوق کو آبی مخلوق کہتے ہیں۔ | |
| آہیں بھرنا | عورت نے آہیں بھرتے ہوئے اپنی کہانی سنائی۔ | |
| رواں دواں | دریاؤں کا پانی رواں دواں رہتا ہے۔ | |
| بے تحاشا | گاڑیوں سے بے تحاشا شور اور دھواں نکلتا ہے۔ | |
| روا رکھنا | دوسروں کے ساتھ اچھا سلوک روا رکھنا چاہیے۔ | |
| ہاتھ جوڑنا | میں تمھارے آگے ہاتھ جوڑتی ہوں مجھے تباہی سے بچا لو۔ | |
| حُلیہ بگاڑنا | انسان نے زمین کا حلیہ بگاڑ دیا ہے۔ | |
| دوبھر ہونا | چوروں نے شریف شہریوں کا جینا دُوبھر کر دیا ہے۔ | |

دستخط معلمہ:-------------------- دستخط: والدین:-----------------

تاریخ:۱۴۔جولائی۲۰۲۱ء

# سب سے اُونچا یہ جھنڈا ہمارا رہے

دن:بدھ

الفاظ معانی یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| آب وتاب | چمک دمک | | تمنا | خواہش | |
| پُروقار | عزت سے بھرپور | | خودمختاری | آزادی | |
| چابک دستی | تیزی اور ہوشیاری | | لازماً | ضروری | |
| چاق وچوبند | چست، توانا | | نکتہ | اہم بات | |

مختصر سوالات کے جواب یاد کیجیے اور لکھیے۔

☆کیاغلام قوموں کا بھی پرچم ہوتا ہے؟ (جواب: جی نہیں۔غلام قوموں کا پرچم نہیں ہوتا۔)

---

☆ہمارے قومی پرچم پر بنا ہوا چاند اور ستارہ کس بات کی علامت ہیں؟

جواب:ہمارے قومی پرچم پر بنا ہوا چاند ہماری ترقی کی علامت ہے۔جب کہ پانچ کونوں والا ستارہ اسلام کے پانچ ارکان کی نمائندگی کرتا ہے۔

---

---

☆پاکستانی پرچم کا ڈیزائن کس نے تیار کیا تھا؟ (جواب:پاکستان کے پرچم کا ڈیزائن "امیر الدین قدوائی" نے تیار کیا۔)

---

☆پانچ کونوں والے ستارے کا کیا مطلب ہے؟ (جواب:پانچ کونوں والا ستارہ اسلام کے پانچ ارکان کی نمائندگی کرتا ہے۔)

---

☆کس عمارت پر پرچم کو رات کے وقت مصنوعی روشنی کی بدولت روشن رکھا جاتا ہے؟

جواب:پارلیمنٹ ہاؤس کی عمارت کے پرچم کو رات کے وقت مصنوعی روشنی کی بدولت روشن رکھا جاتا ہے۔

---

☆"رہبر ترقی وکمال" سے کیا مراد ہے؟

جواب:اس کا مطلب ہے۔ کہ ہمارے پرچم پر بنا ہوا چاند ہماری ترقی کا راہبر ہے۔ جس طرح ہلال بڑھتے بڑھتے پورا چاند بن جاتا ہے۔ اسی طرح ہمارا ملک ترقی کی اعلیٰ منازل تک پہنچ کر رہے گا۔

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

الفاظ جملے یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | جملے | جملے |
|---|---|---|
| کان پڑی آواز سنائی نہ دینا | میلے میں شور وغل کی وجہ سے کان پڑی آواز سنائی نہ دیتی تھی۔ | |
| آب وتاب | ہمارا قومی پرچم پوری آب وتاب سے لہرا رہا ہے۔ | |
| چابک دستی | جنگ میں فوج کو انتہائی چابک دستی کا مظاہرہ کرنا پڑتا ہے۔ | |
| ادب واحترام | ہمیں ہمیشہ بڑوں کا ادب واحترام کرنا چاہیے۔ | |

دستخط معلمہ:-------------------- دستخط:والدین:--------------------

تاریخ:۱۵۔جولائی ۲۰۲۱ء

## کیسے جاؤ کوشش مرے دوستو

دن:جمعرات

الفاظ معانی یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی | الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| اضطراب | بے چینی / پریشانی | | قلق | افسوس / رنج | |
| لُٹیا ڈبونا | کام بگاڑنا / سخت شرمندگی اُٹھانا | | کام فرمانا | کام میں لانا | |
| ٹھٹکنا | حیرانی / خوف سے رُک جانا | | توقُّع | اُمید / آرزو | |
| جھجکنا | شرمانا / ہچکچانا | | مُتصِل | لگاتار | |
| سِل | مسالا پینے کا پتھر | | رمق | رہی سہی جان | |

مختصر سوالات کے جواب یاد کیجیے اور لکھیے۔

☆ اگر کوئی دُکان دار اپنی دُکان نہ کھولے تو اس سے کیا نقصان ہو گا؟

جواب:اگر کوئی دُکان دار اپنی دُکان نہ کھولے تو اس سے یہ نقصان ہوتا ہے کہ اُس کا کاروبار بالکل ختم ہو جاتا ہے۔

---------------------------------------------------------------------------

---

☆لگاتار اور مسلسل کام کرنے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟

جواب:لگاتار اور مسلسل کام کرنے سے یہ فائدہ ہوتا ہے کہ مشکل سے مشکل کام بھی انجام پا جاتا ہے۔

---

☆امتحان کی تیاری نہ کرنے کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟ (جواب:امتحان کی تیاری نہ کرنے سے امتحان میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔)

---

☆اگر کھیل میں کامیابی نہ مل سکے تو کیا کرنا چاہیے؟

جواب:اگر کھیل میں کامیابی نہ ملے تو گھبرانے اور پچھتانے کی ضرورت نہیں بلکہ صبر کا رویہ اختیار کرنا چاہیے اور دوبارہ کوشش کرنی چاہیے۔

---

---

☆صبر سے مصیبتیں سہنے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟ (جواب: صبر سے مصیبتیں سہنے سے انسان میں قوت، برداشت، حوصلہ اور ضبط پیدا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ بھی صبر کرنے والوں سے خوش ہوتے ہیں۔)

---

---

☆اس نظم سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟ (جواب:اس نظم سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہر کام پوری توجہ، محنت، یکسوئی اور دھیان سے کرنا چاہیے۔ اگر کوئی کام مشکل ہو تو اُسے بار بار انجام دیں۔)

---

---

الفاظ جملے یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | جملے | جملے |
|---|---|---|
| لُٹیاڈبونا | سیلاب نے غریب کسان کی لُٹیاڈبو دی۔ | |
| اضِطراب | بیمار والد کے بچوں کا اضِطراب بڑھتا جا رہا تھا۔ | |
| رمق | اُس نے وعدہ کیا کہ زندگی کی آخری رمق تک اپنے ملک | |

| | | |
|---|---|---|
| | کی ترقی کے لیے کوشش کرتا رہے گا۔ | |
| جستجو | سائنس تحقیق اور جستجو کا نام ہے۔ | |
| سبقت | امتحان میں ہر بچہ سبقت لے جانا چاہتا ہے۔ | |

دستخط معلمہ:------------------ دستخط:والدین:-----------------

تاریخ:۱۶۔جولائی۲۰۲۱ء

## کلمے کی اقسام

دن:جمعہ

کلمہ کی اقسام یاد کیجیے اور لکھیے۔

(۱)اسم, (۲)فعل, (۳)حرف

اسم:وہ کلمہ جو کسی شخص، جگہ یا چیز کا نام ہو "اسم" کہلاتا ہے۔

جیسے:اشرف، ملتان، کرسی وغیرہ

فعل:وہ کلمہ ہے جو کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر کرے اور اس میں کوئی زمانہ بھی پایا جائے "فعل" کہلاتا ہے۔

جیسے:لکھا، پڑھتا ہے، کھیلے گا وغیرہ

حرف:وہ کلمہ ہے جو نہ اسم ہو نہ فعل بلکہ اسموں اور فعلوں کو آپس میں ملانے کا کام دے "حرف" کہلاتا ہے۔

جیسے:سے، پر، کو، میں وغیرہ

اسم:------------------------------------------------------------

جیسے:---------------------------------------

فعل:----------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

جیسے:---------------------------------------

حرف:------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------

جیسے:------------------------------------------

دستخط معلمہ:------------------ دستخط:والدین:-----------------

تاریخ:۱۷۔جولائی۲۰۲۱ء

# اسم کی اقسام معنی وبناوٹ

دن:ہفتہ

اسم کی اقسام معنی وبناوٹ یاد کیجیے اور لکھیے۔

## اسم کی اقسام بلحاظ معنی

اسم معرفہ: وہ اسم جو کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کے معنی دے اسم معرفہ کہلاتا ہے اسے اسم خاص بھی کہتے ہیں

جیسے: علامہ اقبال،لاہور،ہمالیہ وغیرہ

اسم نکرہ: وہ اسم جو کسی عام شخص، جگہ یا چیز کے معنی دے اسم معرفہ کہلاتا ہے اسے اسم عام بھی کہتے ہیں

جیسے: آدمی،شہر،پہاڑ وغیرہ

## اسم کی اقسام بلحاظ بناوٹ

اسم مصدر: وہ اسم جو خود تو کسی کلمے سے نہ بنا ہو مگر اس سے کئی الفاظ بنائے جاسکتے ہوں،اسم مصدر کہلاتا ہے۔

جیسے: کھانا،پینا،لکھنا،پڑھنا وغیرہ

اسم مشتق: وہ اسم جو کسی خاص قاعدے کے مطابق مصدر سے بنایا جائے۔اسم مشتق کہلاتا ہے۔

جیسے: کھیلنا سے کھلاڑی،دوڑنا سے دوڑ،لکھنا سے لکھنے والا وغیرہ

اسم جامد: اسم جامد وہ اسم ہے جو نہ خود کسی کلمے سے بنا ہو نہ اس سے کوئی اور کلمہ بن سکے،اسم جامد کہلاتا ہے۔

جیسے: قلم،دوات،کرسی میز وغیرہ

## اسم کی اقسام بلحاظ معنی

اسم معرفہ:-----------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

جیسے:-------------------------------------------------

اسم نکرہ:-----------------------------------------------------------------------------
-------------------------------------------------------------

جیسے:-----------------------------------------------------

## اسم کی اقسام بلحاظ بناوٹ

اسم مصدر:---------------------------------------------------------------------------------
-------------------------------------------------------------

جیسے:-----------------------------------------------------

اسم مشتق:---------------------------------------------------------------------------------
-------------------------------------------------------------

جیسے:-----------------------------------------------------

اسم جامد:---------------------------------------------------------------------------------
-------------------------------------------------------------

جیسے:-----------------------------------------------------

دستخط معلمہ:---------------------- دستخط:والدین:----------------------

تاریخ:۱۹۔جولائی۲۰۲۱ء

## واحد جمع

دن:پیر

واحد جمع یاد کیجیے اور لکھیے۔

| واحد | جمع | جمع | واحد | جمع | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| ادب | آداب | | تجویز | تجاویز | |
| اثر | اثرات، آثار | | تدبیر | تدابیر | |
| اسم | اسما | | تکلیف | تکالیف | |
| الم | آلام | | ترکیب | تراکیب | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| امیر | امرا | | تقریر | تقاریر | |
| امر | امور | | تصنیف | تصانیف | |
| استاد | اساتذہ | | تاریخ | تواریخ | |
| ادیب | ادبا | | ترجمہ | تراجم | |
| آیت | آیات | | تفسیر | تفاسیر | |
| آلہ | آلات | | تقریب | تقاریب | |
| آفت | آفات | | حادثہ | حادثات | |
| اشارہ | اشارات | | حاجت | حاجات | |
| احسان | احسانات | | حال | حالات | |
| اصلاح | اصلاحات | | حکایت | حکایات | |
| احساس | احساسات | | حیوان | حیوانات | |
| برکت | برکات | | حاکم | حکام | |
| باب | ابواب | | حکم | احکام | |
| بخار | بخارات | | حکیم | حکما | |
| تجربہ | تجربات | | حق | حقوق | |
| تحفہ | تحائف | | حد | حدود | |
| حرف | حروف | | خانم | خوانم | |
| حدیث | احادیث | | خلف | اخلاف | |
| حبیب | احباب | | درجہ | درجات | |
| حاضر | حاضرین | | دفتر | دفاتر | |
| حاجی | حجاج | | دوا | ادویہ | |
| خاتون | خواتین | | دین | ادیان | |
| خیال | خیالات | | دلیل | دلائل | |
| خطرہ | خطرات | | دعا | دعائیہ | |
| خلق | اخلاق | | ذریعہ | ذرائع | |
| خبر | اخبار | | ذکر | اذکار | |
| خط | خطوط | | ذکی | اذکیا | |
| خصلت | خصائل | | ذخیرہ | ذخائر | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خادم | خدام | | ذرہ | ذرات | |
| خلیفہ | خلفا | | ذہن | اذہان | |
| خاص | خواص | | | | |

دستخط معلمہ:-------------------  دستخط:والدین:-----------------

تاریخ:۲۰۔جولائی۲۰۲۱ء

## مذکر مؤنث

دن:منگل

مذکر مؤنث یاد کیجیے اور لکھیے۔

| مذکر | مؤنث | مؤنث | مذکر | مؤنث | مؤنث |
|---|---|---|---|---|---|
| مرد | عورت | | بوڑھا | بڑھیا | |
| باپ | ماں | | چچا | چچی | |
| ماموں | ممانی | | بیٹا | بیٹی | |
| بادشاہ | ملکہ | | پھوپھا | پھوپھی | |
| بھائی | بھابی/بھاوج | | پھوپا | پھوپی | |
| بھائی | بہن/آپا | | چمار | چماری | |
| سسر | ساس | | لوہار | لوہاری | |
| بیگ | بیگم | | نانا | نانی | |
| خاوند/شوہر | بیوی/جورو | | پوتا | پاتی | |
| میاں | بیوی | | بھانجا | بھانجی | |
| داماد | بہو | | جولاہا | جولاہی | |
| خان | خانم | | نواسا | نواسی | |
| خواجہ | خاتون | | سنار | سناری | |
| غلام | لونڈی | | ملا | ملانی | |
| صاحب | میم | | کمھار | کمھاری | |
| نواب | بیگم | | بندہ | بندی/باندی | |
| راجا | رانی | | دولھا | دلھن | |
| حاجی | حجن | | مغل | مغلانی | |
| گوالا | گوالن | | جیٹھ | جیٹھانی | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بھنگی | بھنگن | | جادوگر | جادوگرنی | |
| مالی | مالن | | شیخ | شیخانی | |
| بنگالی | بنگالن | | مہتر | مہترانی | |
| درزی | درزن | | دیور | دیورانی | |
| بڑھئی | بڑھائن | | ڈوم | ڈومنی | |
| کنجڑا | کنجڑن | | نٹ | نٹنی | |
| دھوبی | دھوبن | | پنڈت | پنڈتانی | |
| جوگی | جوگن | | سید | سیدانی | |
| بھٹیارا | بھٹیارن | | ہندو | ہندوانی | |
| مولوی | مولون | | ڈاکٹر | ڈاکٹرنی | |
| چودھری | چودھرائن | | ملک | ملکہ | |
| نائی | نائن | | عزیز | عزیزہ | |
| یہودی | یہودن | | خالو | خالہ | |
| سقا | سقن | | خادم | خادمہ | |
| فرنگی | فرنگن | | شاعر | شاعرہ | |
| گویا | گوئن | | ملازم | ملازمہ | |
| قصائی | قصائن | | معلم | معلمہ | |
| حلوائی | حلوائن | | سلطان | سلطانہ | |

دستخط معلمہ:-------------------- دستخط:والدین:------------------

تاریخ:۲۴۔جولائی۲۰۲۱ء

## الفاظ مترادف

دن:ہفتہ

الفاظ مترادف یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | مترادف | مترادف | الفاظ | مترادف | مترادف |
|---|---|---|---|---|---|
| ابتدا | آغاز | | بَر | خشکی | |
| اجل | موت | | بحر | ساگر | |
| ارمان | خواہش | | بالیں | تکیہ | |
| استقامت | پائیداری | | باطل | غلط | |
| اشہب | گھوڑا | | بے نیازی | لاپرواہی | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| انت | آخر | | بہبود | فلاح | |
| افلاس | تنگ دستی | | باور | یقین | |
| آفتاب | خورشید | | بے محل | بے موقع | |
| امین | امانت دار | | پربت | پہاڑ | |
| افق | کنارا | | پیکر | مجسمہ | |
| انکسار | عاجزی | | پرتو | سایہ | |
| اہتمام | انتظام | | تنبیہ | تاکید | |
| آویزاں | لٹکا ہوا | | تیغ | شمشیر | |
| اقلیت | کمی | | تابانی | چمک | |
| اقتدار | اختیار | | تاجدار | تاجور | |
| تجسس | جستجو | | جفاکشی | محنت | |
| تپش | حدت | | چلن | طریقہ | |
| توصیف | تعریف | | چپقلش | لڑائی | |
| تمہید | آغاز | | حلقہ | علاقہ | |
| تفاوت | فرق | | حشمت | شان وشوکت | |
| تونگر | امیر | | حلق | حلقوم | |
| توازن | برابری | | حسین | جمیل | |
| تجاوز | حد سے بڑھ جانا | | خراج | لگان | |
| ترجمان | نمائندہ | | خیر مقدم | خوش آمدید | |
| توکل | بھروسا | | خودستائی | اپنی تعریف آپ کرنا | |
| تامل | تردد | | خانماں | گھر | |
| جام | ساغر | | خسارا | گھاٹا | |
| جدائی | فراق | | دستور | آئین | |
| جذبہ | شوق | | درماں | علاج | |
| جرم | قصور | | دلاور | بہادر | |

دستخط معلمہ:------------------

دستخط:والدین:------------------

تاریخ:۲۶۔جولائی۲۰۲۱ء

# الفاظ متضاد

دن:پیر

الفاظ متضاد یاد کیجیے اور لکھیے۔

| الفاظ | متضاد | متضاد | الفاظ | متضاد | متضاد |
|---|---|---|---|---|---|
| ابتدا | انتہا | | آشنا | ناآشنا | |
| ابد | ازل | | آزادی | غلامی | |
| اپنا | غیر | | آغاز | انجام | |
| اترائی | چڑھائی | | باسی | تازہ | |
| اجلا | میلا | | بڑی | چھوٹی | |
| اسلام | کفر | | بعد | قرب | |
| اوپر | نیچے | | بالغ | نابالغ | |
| اول | آخر | | بے حیائی | حیا | |
| امیر | غریب | | بلندی | پستی | |
| امید | مایوسی | | بہشت | دوزخ | |
| اہل | نااہل | | پہاڑ | میدان | |
| اتار | چڑھاؤ | | پانا | کھونا | |
| انعام | سزا | | پاک | ناپاک | |
| اندھیرا | اجالا | | تحت | فوق | |
| ادنیٰ | اعلیٰ | | تقریر | تحریر | |
| اوج | پستی | | تاریکی | روشنی | |
| امن | جنگ | | تاریک | روشن | |
| الٹا | سیدھا | | تنگ | کشادہ | |
| آزاد | غلام | | ترقی | تنزل | |
| آقا | بندہ | | ٹھنڈا | گرم | |
| آسمان | زمین | | ثواب | گناہ | |
| آباد | ویران | | جفا | وفا | |
| آمدنی | خرچ | | | | |

دستخط معلمہ:------------------

دستخط:والدین:-----------------

تاریخ:۲۷۔جولائی۲۰۲۱ء

بڑے بھائی کے نام خط

دن:منگل

# تعلیمی کارکردگی سے آگاہی کے لیے

خط یاد کیجیے اور لکھیے۔

امتحانی مرکز

۲۱۔جولائی۲۰۲۱ء

پیارے بھائی جان!

آداب۔

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

والسلام

آپ کی پیاری بہن / آپ کا پیارا بھائی

ا۔ب۔ج

دستخط معلمہ:-------------------

دستخط:والدین:-------------------

تاریخ:۲۸۔جولائی۲۰۲۱ء

# دوست کے نام خط

دن:بدھ

امتحانی مرکز

۲۸۔جولائی۲۰۲۱ء

چھٹیاں گزارنے کے لیے

پیاری دوست!

السلام علیکم۔

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

والسّلام

آپ کی دوست / آپ کا دوست

ا۔ب۔ج

دستخط معلمہ:-------------------

دستخط:والدین:-----------------

تاریخ:۲۹۔جولائی۲۰۲۱ء

# ورزش کے فائدے

دن:جمعرات

مضمون یاد کیجیے اور لکھیے۔

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

دستخط معلمہ:------------------

دستخط:والدین:------------------

تاریخ:۳۰۔جولائی۲۰۲۱ء

# جھوٹ کی خرابیاں

دن:جمعہ

مضمون یاد کیجیے اور لکھیے۔

دستخط معلمہ:------------------

دستخط:والدین:------------------

تاریخ:۳۱۔جولائی ۲۰۲۱ء

# تفہیم عبارت

دن:ہفتہ

**درج ذیل تفہیم عبارت کا پیراگراف غور سے پڑھیں اور دیے گئے سوالات کے جواب تحریر کریں۔**

اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو بہترین وسائل سے نوازا ہے۔خاص طور پر پنجاب کی زمین اپنی زرخیزی کے اعتبار سے اپنی مثال آپ ہے۔پاکستان کے نہری نظام کا شمار دُنیا کے آب پاشی کے بہترین نظاموں میں کیا جاتا ہے۔اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہم گندم کی پیداوار میں خود کفالت کا درجہ حاصل کر چکے ہیں۔ہم اسے برآمد کرتے ہیں۔اسی طرح پاکستانی چاول کی دُنیا میں بڑی مانگ ہے۔نارووال،سیالکوٹ،شیخوپورہ،گوجرانوالا اور حافظ آباد میں اُگنے والے چاول اپنی خوشبو کے لحاظ سے بے مثال ہیں۔پاکستان کی ایک اہم برآمدی فصل کپاس بھی ہے۔اسے ہم بیرونی ملکوں میں برآمد کرکے بہت سازرِ مبادلہ کماتے ہیں۔

☆پنجاب کس اعتبار سے اپنی مثال آپ ہے؟

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

☆پاکستان کے کس نظام کا دُنیا کے بہترین نظاموں میں شمار ہوتا ہے؟

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

☆پاکستان کی کس فصل کی دُنیا میں بڑی مانگ ہے؟

------------------------------------------------------------

☆کہاں کے اُگنے والے چاول اپنی خوشبو کے لحاظ سے بے مثال ہیں؟

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

☆پاکستان کی کون سی اہم فصل ہے جس کو برآمد کرکے زرِمبادلہ کمایا جاسکتا ہے؟

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

دستخط معلمہ:-------------------

دستخط:والدین:-------------------

# تفہیم عبارت

**درج ذیل تفہیم عبارت کا پیرا گراف غور سے پڑھیں اور دیے گئے سوالات کے جواب تحریر کریں۔**

جس مقام پر قراردادِ پاکستان منظور ہوئی اس کی یاد میں "مینارِ پاکستان" تعمیر کیا گیا۔ مینارِ پاکستان کی تعمیر کا آغاز ۱۹۶۰ء میں اور تکمیل ۱۹۶۸ء میں ہوئی۔ اس کے معمار "نصر الدین مراد خاں" اور انجینئر "عبد الرحمٰن نیازی" تھے۔ مینارِ پاکستان سطحِ زمین سے تقریباً ۲۰۳ فٹ اُونچا ہے۔ چبوترے پر بنائے جانے والے مینار کا نچلا حصہ خوبصورت پھول کی پتیوں کی طرح ہے اور اس کے اُوپر محرابی شکل کا بلند و بالا مینار ہے جو جدوجہدِ آزادی کی زندہ یادگار ہے۔ قائدِ اعظمؒ کی تقریر اور علامہ محمد اقبالؒ کی شاعری کے علاوہ قراردادِ پاکستان کے نکات اُردو، انگریزی اور بنگالی زبان میں لکھے گئے ہیں۔

☆ مینارِ پاکستان کس کی یاد میں تعمیر کیا گیا؟

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

☆ مینارِ پاکستان کی تعمیر کا آغاز اور تکمیل کب ہوئی؟

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

☆ مینارِ پاکستان کے معمار اور انجینئر کا کیا نام تھا؟

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

☆ مینارِ پاکستان سطحِ زمین سے کتنا اُونچا ہے؟

---------------------------------------------------------------------------

☆ کیا چیز جدوجہدِ آزادی کی زندہ یادگار ہے؟

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

دستخط معلمہ: ------------------- دستخط: والدین: -------------------